”مگر آپ کی خواہشات زیادہ تر فضول ہوتی تھیں۔ جب غصہ ہوتی تو سب نوکروں کی شامت آجاتی تھی اور جب خوش ہوتی تھیں تب سب کچھ ٹھیک رہتا تھا۔ محبت کرتی تھیں آپ ملک صاحب اور مالکن سے مگر غصے میں سب ہوا بن کر اڑ جاتا تھا۔ اس وقت صرف آپ کی ضد ہوتی تھی۔ جس وقت آپ کا ایکسیڈینٹ ہوا تھا اس وقت بھی آپ......“ سلطانہ بی نے ایک بار پھر اپنی بات کو ادھورا چھوڑ کر اس کی طرف دیکھا۔ اس کے چہرے پر شرمندگی رقم تھی۔ سلطانہ بی ہچکچاہٹ کا شکار تھیں۔

”بات اور کام ہمیشہ مکمل کرنی چاہیے سلطانہ بی“ !

اس نے جیسے التجا کی تھی۔ سلطانہ بی کو نور میں کسی اور شخصیت کم گمان گزرا۔

”آپ کسی کو پسند کرتی تھیں۔ اس سے شادی کرنا چاہتی تھیں۔ ملک صاحب کو اس پر اعتراض تھا۔ انہیں آپ کی پسند کی شادی پر اعتراض نہیں تھا بلکہ آپ کے ایک عیسائی کو پسند کرنے پر اعتراض تھا۔ وہ چاہتے تھے کہ ان کی آئندہ نسل بھی مسلمان رہے مگر آپ کو شاید یہ اچھا نہیں لگا تھا۔ آپ غصے میں گاڑی لے کر نکلی تھیں۔ مالکن زبردستی آپ کے ساتھ گئی تھیں مگر ملک صاحب نہیں۔ انہیں پہلی بار آپ پر غصہ آیا تھا جس کی وجہ سے انہوں نے آپ پر ہاتھ بھی اٹھا یا تھا۔ پھر کچھ بھی نہیں ہوا۔ ملک صاحب کا غصہ جب ہوا تھا جب انہیں آپ کے اور مالکن کی ایکسیڈینٹ کی خبر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ملی۔بہت خوفناک رات تھی وہ بارش بہت تیز ہو رہی تھی,بادل بھی بہت زور سے گرج رہے تھے۔مالکن کی موت کی خبر نے اس گھر میں خاموشی پھیلا دی تھی۔صبح کو ہمیں آپ کے کوما میں جانے کی اطلاع دی گئی تھی۔"

یاد ماضی عذاب ہے یارب

چھین لے مجھ سے حافظہ میرا

سلطانہ بی نے اپنے ڈوپٹے سے آنسو صاف کیے اور نور کی جانب دیکھا جو سر جھکائے بیٹھی تھی۔

"آپ ٹھیک ہیں نور بی بی؟" سلطانہ بی کو اس کے رونے کا گمان گزرا۔

"میں ٹھیک ہوں۔مجھے کچھ دیر اکیلا رہنا ہے۔"

سلطانہ بی نے اسکی التجا کو سمجھ کر اسے اکیلا چھوڑنے میں ہی عافیت جانی۔دوسری جانب نور نے سلطانہ بی کے جانے کے بعد کب سے رکے اپنے آنسوؤں کو بہنے دیا۔

"بڑی قسمت والی ہیں آپ جو اتنے اچھے آدمی کی بیٹی ہیں۔ان تین سالوں میں ایک دن بھی ایسا نہیں گزرا جب وہ یہاں نہ آئے ہوں۔صبح اور شام آپ سے مل کر جاتے تھے,آپ سے ڈھیر ساری باتیں کرتے تھے اور آپ کے لیے لائے گفٹس آپ کے ہاتھوں سے بچوں میں اور کبھی سٹاف میں بٹوا دیتے تھے۔ایک عام انسان بھی کوما میں رہنے والے شخص سے بہت جلد عاجز آجاتا ہے۔یہاں تک کہ ہاسپٹل والے بھی۔اب میرے سامنے کی ہی بات ہے۔ایک شخص کو صرف ڈیڑھ سال ہوا تھا کومہ میں گئے ہوئے اس کے گھر والوں نے اس سے پیچھا چھڑوا لیا۔پھر کیا تھا ہاسپٹل والوں نے زیادہ سو زیادہ ایک ہفتہ انتظار کیا اور اس کو ڈیڈ ڈکلیئر کر کے باڈی مردہ خانے میں بھجوا دی۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے اس خاتون کی بات یاد آئی جو اسے ہاسپٹل میں ملنے آئی تھی۔وہ اسے کومہ سے باہر آنے پر مبارک باد دینے آئی تھی۔ایک بار پھر اس کی آنکھوں سے آنسوؤں کا ریلہ نکلا تھا۔دور بیٹھے کسی شخص نے یہ منظر بڑے غور سے دیکھا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

”ملک صاحب! آپ سے ایک ضروری بات کرنی تھی۔“

”کہیے سلطانہ بی!“ملک تبریز نے مصروف سے انداز میں کہا تھا۔

”وہ شام کے وقت نور بی بی نے اپنے ایکسیڈینٹ کے متعلق پوچھا تھا۔“

”تو؟؟؟“ملک تبریز نے لیپ ٹاپ پر اپنا کام کر رہے تھے چونک گئے اور مکمل طور پر سلطانہ بی کی طرف متوجہ ہوئے۔

”آپ نے کیا بتایا ہے سلطانہ بی؟“انہوں نے سخت لہجہ اپناتے ہوئے پوچھا۔

”سب کچھ بتا دیا۔“

انہوں نے آہستگی سے کہہ کر نظریں جھکا لیں تھی۔وہ جانتی تھی کہ انہوں نے غلط کیا تھا مگر نہ بتا کر وہ اور غلط کرنے کا ذمہ نہیں لے سکتی تھی۔دوسری جانب ملک تبریز کے پیروں تلے سے زمین نکل گئی تھی۔وہ تقریباً بھاگتے ہوئے نور کے کمرے کی جانب آئے تھے۔

”نور“ !

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انہوں نے خود کو کمپوز کرتے ہوئے نور کو پکارا۔ جو ابا کمرے کا دروازہ فوراً کھل گیا اور انہوں نے نور کو دروازے کی اوٹ میں کھڑے دیکھا۔ وہ شاید ابھی نماز پڑھ کر فارغ ہوئی تھی۔ آنکھوں کی حالت نے اس کی کیفیت بتا دی تھی۔ وہ چلتے ہوئے سامنے رکھے صوفے پر بیٹھ گئے۔

"سچ ہمیشہ اتنا نہیں ہوتا جتنا ہم آنکھوں سے دیکھتے اور کانوں سے سنتے ہیں۔"

انہوں نے نور کو دیکھتے ہوئے بات شروع کی۔

"کچھ باتیں اور احساسات صرف محسوس کیے جاسکتے ہیں۔ تم ہمیشہ سے ایسی ہی تھیں, بے باک, نڈر۔ بعض اوقات تمہاری یہ خاصیت باقی خوبیوں پر برتری لے جاتی تھی اور تمہیں دوسروں کے سامنے ضدی اور گھمنڈی بنا دیتی تھی۔ اس لیے سب لوگ تم سے کتراتے تھے لیکن تم میری سب سے اچھی بیٹی تھی اور رہو گی۔"

ملک تبریز نے نور کو دیکھتے ہوئے اپنی بات مکمل کی۔ ان کی بات مکمل ہوتے ہی نور آہستگی سے چلتے ہوئے ان کے قدموں میں بیٹھ گئی۔ وہ ابھی تک بے آواز رو رہی تھی۔ ملک تبریز نے اس کے عمل کو حیرانی سے دیکھا۔ اس سے پہلے وہ اسے اپنے قدموں سے اٹھاتے نور کے جملے نے انہیں اپنی جگہ ساکت کر دیا۔

"I 'm sorry baba! I never, ever wanna hurt you."

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

پچھلے دو دن سے 'ملک پیلس' میں بہار اتری ہوئی تھی۔ ہر طرف قہقہے اور مسکراہٹوں کا راج تھا۔ نور واقعی ملک پیلس کا نورِ آنگن تھی جس کے خاموش ہو جانے سے یہ گھر تاریکی میں چلا گیا تھا مگر اس کی مسکراہٹ نے اس پیلس کو منور کر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیا تھا۔ دو دن پہلے ہی تو نور نے ملک تبریز کو باپ کے درجے پر فائز کیا تھا۔ کتنی دفعہ انہوں نے نور کے منہ سے 'پاپا' کہلوایا تھا۔ اس دن پورے تین سال میں ایک ہفتہ اور 20 گھنٹے بعد وہ پر سکون ہو کر سوئے تھے۔ اگلا پورا دن انہوں نے اکٹھے گزارا تھا۔ پہلے مری شاپنگ پر گئے وہاں سے نور نے ہر کسی کیلئے گفٹ لیے تھے۔ اسے نئی زندگی ملی تھی وہ اس زندگی میں اس سے منسلک ہر رشتے کو صرف خوشیاں دینا چاہتی تھی۔ رات کو وہ لوگ دیر سے گھر واپس آئے تھے۔ نور نے سب سرونٹس کو اپنے ہاتھوں سے تحائف دیئے تھے۔ جس پہ وہ لوگ خوشی سے پھولے نہیں سما رہے تھے۔ اگلا آدھا دن نور نے سلطانہ بی کے ساتھ مل کر Study کو صاف کروا کر وہاں اپنے لئے بھی فرنیچر رکھوایا تھا۔ گھر کے سب ملازم نور میں آئی اس تبدیلی سے خوش تھے اسی طرح ہنستے ہوئے ایک اور دن کا اختتام ہوا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

"ارسل"

وہ ایک بار پھر خواب میں چلا کر اٹھی تھی۔ اس نے اپنے آس پاس دیکھا۔ وہ اپنے کمرے میں موجود تھی۔ وہ آج پھر پسینے سے شرابور تھی۔ ان عجیب و غریب خوابوں کا سلسلہ بڑھتا چلا جا رہا تھا۔ پچھلے دو دن سے یہ لگاتار آرہے تھے اب تو اسے سونے سے بھی ڈر لگنے لگا تھا۔ وہ بیڈ سے اتر کر واش روم میں جا کر سنک کا نل آن کرتی ہے اور پانی سے کئی بار اپنے چہرے کو دھوتی ہے۔

"تاریکی، اندھیرا، وہ شخص اور پھر آگ 'کیا ہے یہ سب کچھ؟'" اس نے خود سے سوال کیا تھا۔ پھر ایک دم کچھ یاد آنے پر اپنی جگہ ساکت ہو گئی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

’اس شخص کا کیا نام تھا؟‘اس نے سامنے لگے آئینے میں خود کے عکس سے سوال پوچھا تھا۔

”نام یاد نہیں آرہا۔ابھی تو لیا تھا میں نے کیا کہہ کر بلایا تھا میں نے اُسے“

وہ خود سے ہم کلامی کرتے ہوئے واش روم سے باہر آئی تھی مگر سب بے سود ٹھہرا تھا آخر اپنی کوشش میں ناکام ہوتے ہوئے وہ بیڈ پر اوندھے منہ لیٹ گئی۔

”بابا کو صبح اٹھتے ہی اس بارے میں بتاؤں گی“

☆☆☆☆☆☆☆☆

"Happy Birthday to You"

وہ ابھی سوئی تھی جب ملک تبریز نے آکر اسے وش کیا تھا۔وہ چاہ کر بھی اپنے نہ ختم ہونے والے اس خواب کے بارے میں ملک تبریز کو بتا نہیں پائی تھی۔وہ انہیں بتا کر پریشان نہیں کرنا چاہتی تھی۔

"Happy Birthday Princess"انہوں نے اسے کشمکش میں دیکھ کر دوبارہ وش کیا تھا جبکہ ان کے دوبارہ وش کرنے پر وہ مسکرا دی۔

"Thanks Baba"

نور نے ملک تبریز کے گلے لگ کر شکریہ ادا کیا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"بابا آپ کو میرا Birthday یاد رہا تو یہ بھی یاد ہو گا کہ میں آج کتنے سال کی ہو گئی ہوں" بالکل پورے 21 سال کی ہو گئی ہو ملک تبریز نے اس کے سوال پر فوراً جواب دیا تھا۔ جس پر وہ کھلا کر ہنسی تھی۔

"چلیں ایک سرپرائز اور ہے" Princess

ملک تبریز کے کہنے کے ساتھ ہی نور فوراً باہر چلنے کو تیار ہو گئی تھی۔ باہر ایک بڑا سا کیک موجود تھا۔ کیک کے بیک گراؤنڈ میں اسکی تصویر لگی ہوئی تھی۔ سب سرونٹس نے ایک ساتھ نور کو وش کیا تھا۔ ہلکے پھلکے ماحول میں کیک کاٹا گیا تھا۔

"Happy Birthday Miss Noor"

آفاق نے گفٹ اسکی جاب کرتے ہوئے وش کیا تھا جیسے اس نے ایک مسکراہٹ کے ساتھ تھام لیا تھا۔ "Thank you"

پنک فراک میں وہ اسے شکریہ ادا کرتی خود بھی کتنی گلابی گلابی سی لگی تھی۔

ملک تبریز نے نور کی سالگرہ کا انتظام ایک وسیع پیمانے پر کروایا تھا۔ بزنس سے منسلک ہر فرد یہاں موجود تھا۔ وہ ان میں سے کسی کو نہیں جانتی تھی سوائے ظفر افتخار فیملی کے۔ مسز افتخار ہی اسے ہر کسی سے ملوا رہی تھی۔ جب آفاق نے آکر اسے وش کیا تھا۔ نور نے گفٹ لیکر پاس کھڑی سلطانہ بی کو دیا تھا۔ نور کیلئے آئے ہوئے گفٹ کو وہ ہی اکٹھے کر رہی تھیں۔

"You are looking nice"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Noor E Angan | By Zunaira Anjum (Complete Novelt)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آفاق نے اسکی تعریف کی تھی۔ وہ اس کے ساتھ ساتھ چل رہی تھی اس نے نظر اٹھا کر اسکی جانب دیکھا تھا۔ وائٹ پینٹ کوٹ میں وہ گلابی ٹائی کے ساتھ جاذب نظر لگ رہا تھا۔ پچھلی بار کی طرح آج بھی وہ اس کے لباس کے ہم آہنگ لباس پہنے ہوئے تھا۔

"Sorry and Thank you"

غالباً میں نے آپکی تعریف کی ہے مس نور۔" آفاق نے نور کے سوری کہنے پر اسے یاد دلانا مناسب سمجھا تھا۔ وہ دونوں چلتے ہوئے باہر لان میں نکل آئے تھے۔

"مجھے میرے ماضی کا کچھ یاد نہیں ہے اگر میں نے آپ کے ساتھ کوئی بدسلوکی کی ہو تو میں اس کیلیئے sorry کرتی ہوں۔ Thank you آپ کی وجہ سے میں نے خود کو جانا ہے"

نور نے اس کی الجھن دور کی تھی

"لڑکیاں Sorry کرتی بالکل بھی اچھی نہیں لگتی اس لئے Sorry تو آپ رہنے دیں اور جہاں تک بات رہی Thanks کی تو آپ نے ابھی نور کو جانا ہے خود کو نہیں۔ اس لئے Thanks بھی ادھار رکھیں۔"

وہ اپنی بات کہہ کر رکا نہیں تھا بلکہ نور کئی پل تو اپنی جگہ سے ہلی نہیں تھی۔ اس کے بعد وہ پوری پارٹی میں الجھن میں رہی تھی۔ رات تک اسکا جملہ اس کے کانوں میں گونجتا رہا تھا۔ اس کے بعد وہ کب سوئی اسکا اسے علم نہیں تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نورنے ملک تبریز سے آفاق سے ملنے کی اجازت مانگی تھی۔اسکی باتیں اس ہمیشہ پریشان دیتی تھیں۔جن کی وجہ سے وہ یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتی کہ شاید اسکی زندگی کے ماضی سے اس شخص کا کوئی تعلق رہا ہے۔اس بات پر ہر اس شخص کے دیئے گئے تحفے سے کر دی تھی۔وہ ایک آئینہ تھا۔جدید طرز کا خوبصورت سا مگر اس پر لکھا شعر اسے پریشان کر رہا تھا۔

آئینے بتاتے ہیں صورتوں کا پتہ

کیا کبھی خود کا عکس دیکھا ہے تم نے (از خود)

جانے کتنی دیر وہ اس میں اپنے آپ کو کھوجتی رہتی تھی پھر اس نے آفاق سے سیدھے طریقے سے بات کرنے کی ٹھان لی تھی۔اسی بات پر عمل کرتے ہوئے وہ ایک ریسٹورینٹ میں بیٹھی انتظار کر رہی تھی۔ملک تبریز نے خود اس کے جانے کی ذمہ داری سنبھالی تھی۔کافی سیکورٹی میں وہ یہاں تک آئی تھی اور آفاق کا انتظار کر رہی تھی مگر اس سے پہلے کوئی اور آ گیا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

"میں تمہاری غلام نہیں ہوں سمجھے۔یہ آخری بار ہے اگر دوبارہ میرے راستے میں آئے تو تمہارے لیے اچھا نہیں ہو گا" اس کے کانوں میں اسکی آواز گونجی تھی جبکہ نظریں سامنے کوروڈ سے گزرتے شخص پر تھیں۔وہ میکانکی انداز میں اس کے پیچھے چل پڑی تھی۔وہ آدمی ریسٹورینٹ سے باہر نکل کر اپنے اسلحہ لیس ساتھیوں کے ہمراہ اپنی بڑی گاڑی میں بیٹھ رہا تھا۔دوسری جانب نور اسکے پیچھے پیچھے تھی جبکہ کانوں میں مسلسل وہی جملہ دہرایا جا رہا تھا۔اتنے میں وہ شخص فون پر بات کرتا ہوا کھل کر مسکرایا تھا اور فرنٹ ڈور کھول کر بیٹھ گیا تھا۔نور کیلئے جیسے سب کچھ رک گیا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بہت شوق ہے نہ تمہیں وارننگ دینے کا اب کہو کیا کہو گی تم۔"

وہ شخص اس سے کہہ رہا تھا مگر وہ لڑکی تو وہ نہیں تھی۔ اسکی صورت بالکل بھی اس سے نہیں ملتی تھی۔ اس نے فوراً سر جھٹکا تھا اور سب کچھ اسکی نظریں کے آگے سے غائب ہو گیا تھا۔ وہ ریسٹورنٹ کے باہر کھڑی تھی۔ اس کے سر میں شدید درد اٹھا تھا اس نے دونوں ہاتھوں سے سر کو دبایا تھا پھر جیسے ہی اسے سکون ملا اس نے آنکھیں کھول کر سامنے دیکھا تھا وہاں کا منظر ہی تبدیل ہو گیا تھا

ہر سو اندھیرا تھا اور اسے کچھ آوازیں آئیں۔ وہ اندازہ لگاتی ان آوازوں کی جانب گئی تھی جہاں ایک لڑکی جس کے چہرے پر زخموں کے نشان تھے ایک لڑکے کو مسلسل روک رہی تھی یہ وہی تھی جسے اس نے ابھی تھوڑی دیر پہلے دیکھا تھا۔

"ارسل Please رک جاؤ مت جاؤ میں تمہیں نہیں کھونا چاہتی" اس نے روتے ہوئے التجا کی تھی وہ لڑکا جو پیٹھ پھیرے کھڑا تھا اب سامنے موجود تھا وہ اس کی شکل با آسانی دیکھ سکتی تھی۔ یہ وہی تھا جو اسے خوابوں میں نظر آتا تھا۔

"رک جاؤں! یہ تم کہہ رہی ہو میری عزت ہو تم اور اس گھٹیا شخص نے میری عزت پہ ہاتھ ڈالا ہے۔ میری تربیت ایسی نہیں کہ میں اپنی عزت پہ ہاتھ ڈالنے والے کو چھوڑ دوں"

ایسا لگا جیسے یہ سب اس لڑکی سے نہیں بلکہ اس سے کہا گیا تھا۔ اس کے سر میں شدید درد اٹھا تھا۔ اب کی بار دونوں طرف سے دبانے سے بھی ٹھیک نہیں ہوا تھا۔ مگر سامنے کا منظر پھر تبدیل ہو گیا تھا۔ وہ اس لڑکی کو اب کچھ لوگوں نے پکڑ رکھا تھا وہ مسلسل چلا رہی تھی "ارسل کو چھوڑ دو Please اسے کچھ نہ کہو"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جبکہ وہ خون سے آلودہ ارسل کو گاڑی میں ڈال رہے تھی

"ارسل Please رک جاؤ چھوڑ دو اسے۔اس نے کچھ نہیں کیا

Please ارسل۔ارسل۔ارسل"

وہ اندھا دھند سڑک پر ارسل کے نام کی پکار کیئے بھاگ رہی تھی۔اسے سامنے سے آتی گاڑی کی بھی پرواہ نہیں تھی۔ اگر بروقت سامنے والا بریک نہیں لگاتا تو وہ ضرور جان سے جاتی۔بریک لگنے سے ساتھ ہی بے ہوش ہو چکی تھی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

"گڑیا کہاں ہو؟ کب سے آواز دے رہا ہوں"

ارسل نے گھر میں قدم رکھتے ہی سے آواز دی تھی وہ اس کیلیئے اس کی پسندیدہ کتابوں میں سے ایک کتاب لے کر آیا تھا وہ اسکی آواز سن کر جانے گھر کے کس کونے میں سے باہر آئی تھی۔

"کیا ہے ارسل؟ تمہیں کوئی اور کام نہیں ہے سوائے مجھے آوازیں دینے کے"

اس نے بے زاری سے پوچھا تھا۔جبکہ اسکی اس بات پر ارسل کا منہ بن گیا تھا۔اس نے اسے کتاب دینے کا ارادہ ملتوی کر دیا۔

"اس شاپر میں کیا ہے؟" گڑیا نے تجسس کے مارے پوچھا تھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Noor E Angan | By Zunaira Anjum (Complete Novelt)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"کچھ بھی ہو تمہیں اس سے کیا؟" ارسل نے لاپرواہی سے کہتے ہوئے اس کو آنکھیں دکھائی تھیں جن کو مخالف نے خاطر میں لانا ضروری نہیں سمجھا۔

"مجھے اس سے کیا؟؟؟" اس نے ارسل کا جملہ دہرایا تھا۔

"دو منٹ ہیں تمہارے پاس مسٹر ارسل احمد ورنہ پھر کل شام سے پہلے مجھ سے بات نہ کرنا"

گڑیا نے اسے وارن کیا تھا۔ اسکی دھمکی کارگر ثابت ہوئی تھی وہ الٹے قدموں اس تک لوٹا تھا۔

"ارے نہیں نہیں بہنا یہ ظلم نہیں کرنا تم سے بات نہ کی تو۔۔۔ بڑے سکون سے رہوں گا"

اس نے آدھا جملہ کانوں کو پکڑتے ہوئے کہا تھا جبکہ باقی آدھے جملے پر اس نے فرضی کالر جھاڑے تھے جس نے گڑیا کو منہ پھیرنے پر مجبور کر دیا تھا۔

"ٹھیک ہے سکون سے رہو تم اب مجھ سے بات نہیں کرنا"

"میں مذاق کر رہا تھا یہ لو تمہارے لیے ہی تو لایا ہوں۔" ارسل نے اس کو ناراض ہوتے ہوئے دیکھ کر اسے تنگ کرنے کا ارادہ ملتوی کر دیا تھا۔ گڑیا نے فوراً اس کے ہاتھ سے شاپر لیا تھا جس میں 'جولیس سیزر' دیکھ کر وہ کھلائی تھی۔

"Thank you" اس نے ایک ادا کہا تھا۔ ارسل بھی مسکرا اٹھا۔ چھوٹے سے مکان میں صرف وہ دونوں بھائی بہن رہتے تھے ارسل اس سے 2 سال بڑا تھا جبکہ وہ ابھی اٹھارہ کی تھی اسکی پیدائش کے وقت ان دونوں کی ماں انھیں چھوڑ کی جا چکی تھی احمد بیگ نے ان کی پرورش اکیلے ہی کی تھی مگر وہ بھی زیادہ عرصہ بچوں کے ساتھ نہ رہ پائے تھے۔ ارسل میٹرک میں تھا جب وہ انہیں چھوڑ کر چلے گئے۔ بہن کی پرورش کی ذمہ داری اب اسکے ناتواں کندھوں پر آ گئی تھی۔ وہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہمیشہ سے اسے اچھی طریقے سے ڈیل کرتا تھا۔ احمد بیگ سے زیادہ وہ ارسل کی بات مانتی تھی وہ اس کے لئے گڑیا تھی۔ ہنستی بولتی کھلکھلاتی اسکی دن بھر کی تھکاوٹ کو دور کر دیتی تھی وہ اس کے لیے Little Angle تھی۔ گڑیا کیلیۓ وہ کسی

سنیٹا کلوز

(Santa Clause) سے کم نہ تھا اسکی ہر خواہش بغیر کہے پوری کر دینے والا اسکا بھائی اسکا دوست اسکا گائیڈنگ اینجل۔ ارسل نے پرائیویٹ امتحان دیتے ہوئے احمد بیگ کے چھوٹے سے کاروبار کو سنبھالا تھا۔ زیادہ امیر نہ سہی مگر ان کا گزارہ آسانی سے ہو رہا تھا۔ ان کی چھوٹی سی زندگی اچھی گزر رہی تھی جب تک جہانگیر شاہ ان کی زندگی میں نہیں آیا تھا۔ گڑیا فرسٹ ائیر کی سٹوڈنٹ تھی اس کا زیادہ دھیان انگلش لٹریچر میں تھا۔ یہ ہی وجہ تھی اس کالج کی طرف سے ہونے والے ایک ڈرامہ میں حصہ لیا تھا۔ جہاں وہ بطور جج شامل ہوا تھا۔ اسے گڑیا کی خوبصورتی نے متاثر کیا تھا۔ شروع میں گڑیا نے اسکو شرافت سے جواب دیا تھا مگر اسکی بڑھتی گستاخیاں اسے پریشان کر رہی تھیں۔ وہ بڑے دھڑلے سے پرنسپل روم میں اسے بلاتا تھا اسے اچھی جگہ پرفارم کرنے کی دعوت بھی دی تھی یہاں تک کہ بڑی بڑی فلمز اور ڈرامہ کا لالچ دیا تھا۔ اس کا انٹرسٹ ہوتا تو جاتی۔ وہ تو صرف لٹریچر پڑھنا چاہتی تھی۔ مگر وہ سمجھ نہیں سکا 28 سے 30 سال کا وہ آدمی جانے اسے کیا سمجھ بیٹھا تھا۔ اس نے ارسل سے اس بارے میں کچھ نہیں کہا تھا مگر معاملہ اس حد تک بڑھ جائے گا اسے علم نہیں تھا اس کی وجہ سے اب کالج میں ہر جگہ اسکا نام جہانگیر شاہ کے ساتھ لیا جا رہا تھا جس نے اس ے طیش دلایا تھا۔ سونے پر سہاگہ یہ کہا کہ وہ آج پھر اس سے ملنے کالج آیا تھا۔ اسے دیکھتے ہی اسکا پارہ ہائی ہو گیا۔ اس سے پہلے جہانگیر شاہ اسے کچھ کہتا اس نے اسے کھینچ کر تھپڑ لگا دیا تھا۔ سارے ماحول میں یک دم خاموشی ٹھہر گئی تھی وہ اس وقت کالج کے باہر کھڑے تھے جہاں آنے جانے والے لوگ رک کر انہیں دیکھنے لگ گئے تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

”تمہارا شمار دنیا کے گھٹیا ترین لوگوں میں ہوتا ہے۔ تم گھٹیا، تمہارا کریکٹر گھٹیا۔ تم کیا سمجھتے ہو میں تمہاری رنگ برنگی باتوں میں آجاؤں گی۔ پاگل سمجھا ہوا ہے کیا مجھے۔ کان کھول کر سنو جہانگیر شاہ میں تمہاری غلام نہیں ہوں یہ آخری بار ہے اگر دوبارہ میرے راستے میں آئے تو تمہارے لئے اچھا نہیں ہو گا“

وہ دھڑلے سے اپنی بات کہہ کر جا چکی تھی اس بات کو خاطر میں لائے بغیر اسکا یہ عمل نہ صرف اسکے لئے بلکہ ارسل کیلئے نقصان دہ ہو گا۔ اس نے گھر جا کر یہ بات ارسل کو بتانے کا فیصلہ کر لیا تھا مگر اس سے پہلے ہی اس کو اسی کے گھر سے اغوا کیا جا چکا تھا۔ اس نے آنکھیں کھولیں تو خود کو ایک کمرے میں قید پایا تھا کچھ پل لگے تھے اسے سب کچھ سمجھنے میں اس نے ارسل کیلئے دروازہ کھولا تھا مگر سامنے نقاب پوش نے اس کے منہ پر رومال دیکھ کر اسے بے ہوش کر دیا تھا اس نے اپنے ڈوپٹے کو تلاشا تھا وہ اس کے گلے میں پڑا ہوا تھا اس نے سختی سے اسے لپیٹ کر خود کو کور کیا اور دروازے کی جانب گئی مگر دروازہ بند تھا اس نے زور زور سے دروازہ بجا کر مدد کی پکار کی تھی جب دروازہ نہیں کھلا تو وہ وہیں دروازے کے ساتھ لگ کر بیٹھ گئی۔ اسکی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ وہ بار بار اللہ کو اپنی مدد کیلئے پکار رہی تھی تب ہی دروازہ کھلا اور جہانگیر شاہ اندر آیا۔ دروازہ کھلنے کا محسوس کرتے ہی وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی۔

”بہت شوق تھا نہ تمہیں وارننگ دینے کا اب دے کر دکھاؤ میں نے تمہیں آرام سے سمجھانے کی کوشش کی مگر تم شاید ہو ہی بیوقوف۔“

”کیوں لائے ہو مجھے یہاں؟“ گڑیا نے اس سے روتے ہوئے پوچھا تھا۔

گھٹیا شخص کا گھٹیا کریکٹر دیکھانے۔“ اس نے اسکی سماعتوں پر بم پھوڑا تھا اب وہ اتنی بیوقوف نہیں تھی جو اسکی بات کا مطلب نہ سمجھتی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

”ڈرو نہیں اپنی بے عزتی کا سود سمیت بدلہ لوں گا۔“ اس نے اسکی جانب جھکتے ہوئے کہا تھا۔ آج کی رات آرام کرو صبح ملاقات کروں گا۔ اس نے گڑیا کے قریب ہونا چاہا۔ وہ بھاگ کر دور ہوئی تھی اور خود کو ڈوپٹے کے ہالے میں چھپالیا۔ جہانگیر شاہ مسکرایا تھا۔ گڑیا کو اسکی مسکراہٹ زہر سے کم نہ لگی تھی وہ اسے بغیر کچھ کہے چلا گیا تھا مگر گڑیا پچھتاتی رہ گئی تھی آخر کیوں اس نے اپنے پیروں پر کلہاڑی ماری تھی اور جہانگیر شاہ کو دعوت دی تھی ساری رات اس نے رو کر گزاری تھی۔ تہجد کی اذان کی آواز پر اسکی آنکھ کھلی, تو ایک بار پھر اسے اپنی بے بسی پر رونا آیا ت۔ وہ مسلسل اللہ کو پکارتی جارہی تھی۔

”ارسل بھی اسے گھر نہ پا کر پریشان ہو گا اللہ جی میری مدد کریں میری عزت کو محفوظ رکھیں“۔ اس نے دروازے کو ایک بار پھر کھولنے کی کوشش کی تھی ایک دم کھل گیا تھا شاید باہر سے کنڈی مکمل نہیں لگائی تھی وہ اللہ کا شکر ادا کرتی باہر نکلی۔ خوش قسمتی سے وہاں کوئی بھی موجود نہیں تھا ایک لمبی راہدری تھی وہ بغیر آواز پیدا کئے راہداری کے اختتام تک آگئی تھی دائیں بائیں بے شمار کمرے موجود تھے جن کے درمیان سے ایک بڑا گیٹ نظر آرہا تھا مگر اس کیلئے صحن پار کرنا پڑتا وہ ان کمروں کے ساتھ آہستہ آہستہ سے ہوتی ہوئی گیٹ کی جانب گئی تھی مگر گیٹ پر لاک تھا وہ ایسے ہار نہیں مان سکتی تھی۔ اس نے دو پل سوچا اور پھر لوہے کے گیٹ پر چڑھنا شروع کیا تھا پہلے اسے کچھ مشکل ہوئی تھی مگر عزت لٹ جانے کا خوف حاوی ہو گیا تو اس لئے وہ جلدی ہی چڑھ لیا تھا اور دوسری جانب اوپر سے کود کر چھلانگ لگائی تھی جس سے اسکے پاؤں میں موچ آئی تھی مگر راستہ ابھی ختم نہیں ہوا تھا ایک نہ ختم ہونے والا سبزہ تھا وہ کچھ دیر چلتی رہی تب کہیں جا کر اسے مین گیٹ نظر آیا مگر وہاں چوکیدار بیٹھا تھا۔ وہ سویا ہوا تھا۔ وہ اب دوبارہ دیوار پار کرنے کا رسک نہیں لے سکتی تھی۔ اسے اس گیٹ سے ہی باہر جانا تھا۔ وہ اس دیوار کے ساتھ چلتی ہوئی اسکی پیٹھ کی جانب سے آئی اور درخت کے ایک موٹے تنے سے اس کے سر پر وار کیا۔ وہ نیند میں تھا اس لیئے زیادہ مزاحمت نہ کر سکا اور بے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوش ہو گیا۔ گڑیا نے اس کی پاکٹ سے چابیوں کا گچھا نکالا اور گیٹ کھول کر اپنے لیے آزادی کی راہ ہموار کی۔ نہ جانے کون سے راستے تھے جن پر وہ گرتی پڑتی بھاگے چلی جا رہی تھی۔ بیچ راستے میں وہ کئی جگہ گری۔ اسے موچ بھی آئی مگر اس نے ہمت نہیں ہاری۔ مسلسل کلمہ کا ورد کیے وہ بس بھاگے جا رہی تھی۔ اسے اپنے ننگے پیر ہونے کا بھی ہوش نہیں تھا۔ اتنے میں راستے میں ایک پتھر سے ٹھوکر کھا کر وہ گری تھی۔ اس کا ہونٹ پھٹ گیا تھا اور اس میں سے خون نکل رہا تھا۔

"اللہ جی ارسل کو بھیج دیں۔"

اس نے درد سے بلبلاتے ہوئے التجا کی تب ہی فجر کی اذان کی آواز فضا میں گونجی۔ وہ اذان کے دوران مسلسل جواب دینے کے ساتھ دعا کر رہی تھی۔ وہ اس سنسان جگہ پر اکیلی تھی۔ پوری اذان کے دوران وہ اپنی جگہ سے نہیں ہلی تھی۔ اذان کے مکمل ہوتے ہی اس نے بائیک کی آواز سنی۔ اس سے پہلے وہ اپنی جگہ سے اٹھ کر بھاگتی مخالف نے اسے ہیڈلائٹ کی روشنی میں دیکھ لیا تھا اور بائیک کی سپیڈ تیز کر کے اس کے پاس پہنچ گیا۔ وہ موچ آئے پاؤں کے ساتھ اس سے دور جانے کی کوشش کر رہی تھی۔

"گڑیا" !

وہ ابھی اور تیز بھاگتی مگر ارسل کی آواز نے اس کے قدم جکڑ لیے۔ اس سے پہلے وہ پیچھے دیکھتی وہ خود اس کے پاس آ گیا تھا۔ ارسل کو دیکھتے ہی اس ہمت جواب دے گئی اور وہ رونا شروع ہو گئی۔ ارسل نے اس سے کچھ نہیں پوچھا بلکہ اسے رونے دیا۔ جب وہ رو چکی تو وہ اسے اپنے ساتھ بائیک بیٹھا کر گھر لے آیا اس حالت میں کہ اس کے شوز اور جیکٹ گڑیا نے پہنی ہوئی تھی۔ گھر آنے پر ارسل نے صرف اس سے نام پوچھا تھا۔ اس نے جہانگیر شاہ کا نام لیا۔ کل شام سے وہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کتنا پریشان تھا یہ تو یا صرف وہ خود جانتا تھا یا پھر اللہ۔ کہاں کہاں نہیں ڈھونڈا تھا اس نے۔ لاہور جیسے بڑے شہر کی وہ رات بھر خاک چھانتا رہا۔ وہ اسکی زندگی, اسکی گڑیا ملی بھی تو لاہور سے باہر کے علاقے میں۔ وہ لڑکی جس کی آنکھوں میں اس نے انجانے میں بھی آنسو نہیں آنے دیئے تھے وہ صرف ایک شخص کی وجہ سے اتنا روئی تھی۔ اسکے چہرے اور جسم پر لگے زخموں کو اس نے اپنے دل پر لگا محسوس کیا۔ اس نے اس کے پاؤں کی موچ کو ٹھیک کیا اور دوا لگا کر گرم پٹی باندھی اور چہرے کے زخم کو روئی سے صاف کیا۔ اس دوران وہ مکمل خاموش تھا۔ ایک پل کو تو گڑیا کو لگا کہ شاید اسکا ارسل اس پر بھروسہ نہیں کر رہا۔ اس نے اپنی صفائی دینی چاہی۔ ارسل نے اسے بیچ میں ٹوک دیا۔

"مجھے تم پر خود سے زیادہ بھروسہ ہے۔ اس بات کو کبھی مت بھولنا۔"

بھائی کی محبت دیکھ کر اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔

"کہاں جا رہے ہو؟" اس نے ارسل کو باہر جاتے دیکھ سوال کیا۔

"جہانگیر شاہ سے ملنے۔"

"رک جاؤ ارسل پلیز۔ میں تمہیں نہیں کھونا چاہتی۔"

"رک جاؤں! یہ تم کہہ رہی ہو میری عزت ہو تم اور اس گھٹیا شخص نے میری عزت پہ ہاتھ ڈالا ہے۔ میری تربیت ایسی نہیں کہ میں اپنی عزت پہ ہاتھ ڈالنے والے کو چھوڑ دوں"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ چلا گیا گڑیا کے منع کرنے کے باوجود وہ چلا گیا۔وہ جائے نماز پر بیٹھ کر ارسل کی سلامتی کی دعائیں مانگ رہی تھی یہ جانے بغیر کہ وہ صبح اس کی زندگی میں اندھیرا لانے والی تھی۔شام ہو چکی تھی مگر ارسل نہیں آیا تھا۔ آیا تو صرف جہانگیر شاہ۔

"ارسل میرے پاس ہے اگر اس سے ملنا چاہتی ہو تو چلو میرے ساتھ۔" وہ بھائی کے لیے اس کے ساتھ چلی گئی۔ جانے کتنا لمبا راستہ تھا ختم ہی نہیں ہو رہا تھا۔جہانگیر شاہ اسے ایک فارم ہاؤس لایا تھا کس جگہ یہ اسے معلوم نہ تھا۔اس نے ارسل کے نام کی گردان کی۔دو تین آدمیوں نے اسے پکڑا ہوا تھا۔جہانگیر شاہ نے سامنے کی طرف اشارہ کیا جہاں خون میں لت پت ارسل کو گاڑی سے نکالا گیا تھا۔

"مجھ سے ٹکرانے چلا تھا۔انجام کو پہنچ گیا اپنے۔لے جاؤ اسے اور مری کی پہاڑی سے دھکا دے دو۔جو سانسیں بچی ہیں وہ بھی ختم ہو جائیں گی۔"

جہانگیر شاہ نے نیا آرڈر جاری کیا۔وہ چیختی چلاتی رہ گئی مگر اس کی بات نہ سنی گئی۔نہ جانے اس میں کہاں سے ہمت آئی اس نے خود کو چھڑوایا اور پاس پڑا ایک پتھر جہانگیر شاہ کو مارا۔سب گارڈ جہانگیر شاہ کی طرف لپکے۔اتنے میں وہ اس گاڑی کی سمت بھاگی جس میں ارسل کو لے جایا جا رہا تھا۔وہ دیوانہ وار بھاگ رہی تھی جب ایک گاڑی سے اس کی ٹکر ہو گئی اور وہ نیچے گر گئی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

"مسٹر ملک نور کو ہوش آ گیا ہے۔شی از فائین ناؤ۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ملک تبریز بھاگتے ہوئے نور کے پاس گئے تھے۔وہ آنکھیں کھولے بیڈ پر ساکت لیٹی ہوئی تھی۔

"پرنسز میری جان نکال دی تھی آپ نے۔"

"آپ ہمیشہ سے جانتے تھے میں نور نہیں ہوں۔"ملک تبریز اپنی جگہ سے ہل نہ سکے۔

"آپ سب کچھ جانتے تھے مگر انجان بنے رہے۔آپ کی اپنی بیٹی سے محبت اتنی خود غرض ثابت ہوئی کہ آپ نے کسی دوسرے کی شناخت کو چھپانا نہیں مٹانا ضروری سمجھا۔"ملک تبریز کے پاس آج الفاظ ہی ختم ہو گئے تھے۔

"آپ کی محبت نے آپ کو بابا کہنے پر مجبور کیا تھا۔مگر آپ......نور نے صحیح کہا تھا آپ سائیکو ہیں صرف اسکی محبت میں۔میرا ارسل نا جانے کہاں ہو گا؟زندہ بھی ہے یا......اللہ جی......"

وہ خود ہی بولے جا رہی تھی۔ملک تبریز بالکل خاموش تھے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

نور کو انہوں نے تھپڑ مارا تھا اور وہ گھر سے باہر نکل گئی۔انہوں نے اسے روکا بھی نہیں تھا۔ان کی بیوی اس وقت کہاں تھی انہیں معلوم نہ تھا۔وہ تو اپنے کیے پر شرمندہ تھے۔آخر کیا ہو گیا تھا۔وہ اسلام قبول کر کے ہی تو شادی کرتا پھر کیسے وہ اپنی عزیز بیٹی پر ہاتھ اٹھا سکتے تھے۔وہ اسی کشمکش میں تھے جب انہیں ہاسپٹل سے ایک کال موصول ہوئی۔ان کی بیٹی کی کار کا ایکسیڈینٹ ہوا تھا جس می سے دو ڈیڈ باڈیز ملی تھی جو بالکل جل گئی تھی۔ایک اور باڈی بھی ملی تھی جو زندہ تھی مگر اسکا چہرہ جل چکا تھا۔انگوٹھی کی وجہ سے وہ اپنی بیوی کی شناخت کر پائے۔دوسری لاش کے پاس وہ گئے ہی نہیں ان کے لیے ان کی بیٹی زندہ تھی۔اگلے لمحے وہ آئی سی یو کے باہر تھے۔ڈاکٹر نے اس کی کچھ چیزیں لا کر انہیں دی جن میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے کچھ بھی نور کا نہیں تھا۔ انہوں نے سوچ لیا تھا انکی نور زندہ ہے اور آئی سی یو میں پڑے وجود کو اپنی بیٹی کہا تھا۔ اس کے چہرے کی سرجری ہوئی تھی۔ اگلے چوبیس گھنٹے اس کے کریٹیکل تھے۔ ملک تبریز اپنی بیوی کے کفن دفن کے بعد لوٹے تو انہیں اس کے کومہ میں جانے کی خبر ملی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

”آئی ایم سوری۔ مجھے ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا۔“ ملک تبریز نے گڑیا سے معافی مانگتے ہوئے کہا۔

”معافی مانگ کر آپ مجھے شرمندہ نہ کریں۔ معافی تو مجھے مانگنی چاہیے۔ اپنی بے بسی کا غصہ آپ پر نکال دیا حالانکہ آپ نے تو میری جان بچائی تھی۔ نور نے غلط نہیں کہا تھا کہ آپ اس کی محبت میں سائیکو ہیں۔ بچوں کے لیے ماں باپ کی محبت سائیکو پن میں شمار کی جاتی ہے۔ جس میں زیادہ عنصر ڈر کا شامل ہوتا ہے۔ آپ کو دنیا کی کوئی چیز نہیں ڈرا سکتی سوائے نور کے مستقبل کے اچھا نہ نکلنے کے خوف کے۔ نور بس غصے اور ضد کی تیز تھی مگر محبت وہ بھی آپ سے بہت کرتی تھی۔ اس دن وہ ہی تھی جس کی کار سے میں ٹکرائی تھی۔ میرے بارے میں سب جان کر وہ اس انجان راستے پر ارسل کے لیے نکل پڑی۔ مسز ملک کے روکنے کے باوجود۔“

”نور رک جاؤ۔ پہلے ملک سے بات کرنے دو مجھے۔“

”نہیں بات کرنی ان سے۔ کل بات کرنا ابھی ارسل کو ڈھونڈنا ہے۔ چپ چاپ بیٹھیں اور ارسل کو ڈھونڈنے دیں۔“

”ڈیڈ سے ناراض نہیں ہوتے نور“ !

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ناراض نہیں ہوتے۔ تھپڑ ضرور مارتے ہیں۔ انہوں نے میری پوری بات سنی صرف اپنی سنائی۔ مجھے بات نہیں کرنی۔ ان کی وجہ سے میں نے سب کچھ چھوڑنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ مگر اب......

Forget mom! I don't wanna talk about him. Let him go. He is psycho"

"But in your love." مسز ملک نے تصحیح کی۔

"Mom I love him very much but sometimes, I hurt him. I don't know it suddenly happens. Sorry dada!"

یہ اس کے آخری الفاظ تھے اسکے بعد ان کی کار سامنے سے آتے ٹرک سے ٹکرائی اور مری کے راستے میں ایک کھائی میں جا گری۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

تین سال ایک مہینے بعد وہ آج اپنے گھر میں کھڑی تھی۔ اس دو مرلے کے مکان میں جہاں کبھی وہ ارسل کے ساتھ رہتی تھی۔ اس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے تھے۔ گھر میں جگہ جگہ دھول مٹی تھی۔ وہ چلتی ہوئی ارسل کے کمرے میں گئی تھی۔ جہاں اسکی اور ارسل کی تصویر ابھی تک موجود تھی۔ اس نے داہنے ہاتھ سے ارسل کی تصویر سے دھول صاف کی تھی۔ ملک تبریز نے اس کے گرد بازو کا حلقہ بنایا تھا۔ وہ اسے ایسے ہی باہر لائے تھے۔ محلے والے تین سال سے بند پڑے مکان کے باہر دیکھ کر حیران رہ گئے تھے مگر پوچھنے کی ہمت کسی نے بھی نہیں کی تھی۔

***

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بابا چائے۔

گڑیا نے چائے ٹی وی لاؤنج میں بیٹھے ملک تبریز کو دی تھی۔ وہ نیوز دیکھ رہے تھے۔ انھوں نے اسے اپنے پاس بیٹھا لیا تھا۔ وہ یہاں سب کے لیے نور ہی تھی۔ چائے عادت بھی اسنے انہیں ڈالی تھی۔

کل شام ظفر ملا تھا مجھ سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بریکنیگ نیوز

اسمگلینگ کیس میں ملوث جہانگیر شاہ، پولس وین میں عدالت جارہے تھے۔ جہاں پولس وین کو حادثہ پیش آگیا اور وہ موقع پر ہی ہلاک ہوگئے ہیں۔ اس میں چار پولس والوں کی شہادت کی بھی اطلاع دی جارہی ہے۔

ملک تبریز کی بات درمیان میں ہی رہ گئی تھی۔

کراچی شہر میں ایسے حادثات معمول کی بات ہیں۔

انھوں نے نور سے کہا جبکہ وہ خاموشی سے اٹھ کر چلی گئی تھی۔

ایسے حادثات ہونا کتنی معمولی تھے یہ ملک تبریز سے بہتر کوئی نہیں جانتا تھا۔ نور کے جانے کے بعد انھوں نے فون کال ملائی تھی۔

Good work Arsenal

تمہیں تمہارا انعام جلد مل جائے گا۔

اور فون رکھ دیا تھا۔

***

آپ کو بھی پہلے سے معلوم تھا کہ میں نور نہیں ہوں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے صرف شک تھا۔ یہ الگ بات ہے کہ بعد میں معلوم ہوا تھا۔ آفاق نے لان میں ٹہلتے ہوئے ساتھ چلتی نور سے کہا تھا۔

آپ کو کیسے معلوم ہوا؟

"اینیورسری کی رات، ڈیڈ اور انکل کی باتیں سن کر۔"

اس نے لاپرواہی سے کاندھے اچکائے تھے۔

"اور شک تم پر پہلی ملاقات میں ہو گیا تھا۔ یادیں بیشک مٹ جائیں، عادات نہیں بدلتی، فطرت نہیں بدلتی۔ نور کی فطرت میں خاموش ہونا نہیں تھا۔ وہ اینٹ کا جواب پتھر سے دینے کی قائل تھی۔ جبکہ تم نے صرف ناراضگی دیکھائی تھی۔ پھر میں نے سوچا کیوں نہ تمہیں نور سے روشناس کروایا جائے۔ تاکہ تم نور جیسا برتاو کرو مگر سب اس کے الٹ ہو گیا"۔

"اچھا تمہارا نام گڑیا ہے؟"

اس نے نور کی الجھن دور کر کے اس کا دھیان خود سے ہٹایا تھا۔ جبکہ اس کے سوال پر وہ مسکرا اٹھی تھی۔

"گڑیا صرف ارسل کہتا تھا۔ میرا نام روشنی ہے۔

"نور، روشنی، روشنی، نور کچھ زیادہ مختلف تو نہیں۔"

آفاق نے تبصرہ کیا تھا۔

"نور بی بی، آفاق بیٹا ملک صاحب اندر بلا رہے ہیں۔"

"ٹھیک ہے ہم آتے ہیں۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نور نے جواب دیا تھا اور سلطانہ بی کے پیچھے چل پڑی تھی۔ آفاق وہیں کھڑا تھا۔

"روشنی کیا تم میرے گھر کا نور بننا پسند کرو گی؟"

وہ اپنی جگہ رک گئی تھی۔

"ڈیڈ نے مجھ سے تمہارے متعلق پوچھا اور میں نے ہاں کر دی۔ کیونکہ مجھے میرے گھر کے آنگن میں نور چاہیے۔ کیا تمہیں اعتراض ہے؟"

اس کے پوچھنے پر نور مسکراتے ہوئے اندر چلی گئی تھی۔ اس کے خاموشی سے چلے جانے پر وہ سمجھ گیا تھا کہ یہ روشنی اس کا نور آنگن ضرور بنے گی۔

(ختم شد)

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel